| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی | موضوع: | جانوروں کے نام | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ جانوروں کی پہچان کر سکیں اور ان کے نام پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر الفاظ لکھے جائیں گے اور بچوں کو کہا جائے گا کہ ان کے توڑ کریں۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم جانوروں کے ناموں کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں سے پوچھیں کہ ہمیں جانور زیادہ تر کہاں نظر آتے ہیں۔ بچوں سے پوچھیں کس کس نے چڑیا گھر کی سیر کی ہے۔ اُن سے پوچھیں کہ انھوں نے وہاں کون سے جانور دیکھے۔ پھر بچوں کو مختلف جانوروں کے فلیش کارڈز دکھائیں اور اُن کے نام پوچھیں اور بتائیں۔ بچوں کو بتایئے کہ ہمیں جانوروں کا خیال رکھنا چاہیے اُن کو تنگ نہیں کرنا چاہیے۔ تختہ سفید سیاہ پر کتاب میں دیئے گئے جانوروں کے نام لکھیں اور اُن کی بلند خوانی کروائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو جانوروں کو تصویروں اور ناموں کے فلیش کارڈز دو ٹوکریوں میں رکھیں بچوں کو کہیے ایک جانور کی تصویر کا فلیش کارڈ نکال کر ناموں والے فلیش کارڈز میں سے اُس کا نام ڈھونڈیں۔ یہ سرگرمی باری باری سب بچوں سے کروایئے بچوں کو ساتھ میں Salt Tray دیں جس پر وہ نکالے گئے فلیش کارڈ سے نام دیکھ نام لکھنے کی مشق کر لے۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 64 کھولنے کو کہیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ جانوروں کی تصویر دیکھیں اور نام لکھیں۔ کام کے دوران بچوں کی نگرانی کریں اور جہاں ضرورت ہو رہنمائی کریں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید سیاہ پر جانوروں کے نام لکھنے کی مشق کروایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب سے دیکھ کاپی پر جانوروں کے نام لکھیں۔ | 3منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | فلیش کارڈز<br>ٹوکریاں الفاظ فلیش کارڈز<br>تصاویر فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 64 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ جانوروں کی پہچان کرنے پر اور ان کے نام پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی | موضوع: | 'ں' کا تعارف | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ں' کی آواز کی پہچان، ادائیگی اور اس کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو جانوروں کی تصویروں کے فلیش کارڈز دکھائے جائیں گے اور اُن کے نام پوچھے اور لکھوائے جائیں گے۔ | 3منٹ | فلیش کارڈز<br>حروف فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'ں' کی آواز کی پہچان ادائیگی کرنے پر۔ ں کے الفاظ کے پڑھائی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتائیے کہ ہم آج 'ں' کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتائیے کہ اس کی شکل 'ن' کی طرح ہوتی ہے لیکن اس میں نقطہ نہیں ہوتا انھیں بتائیے یہ 'ن' کی آدھی آواز کہلاتی ہے۔ تختہ سفید سیاہ پر 'ں' کے الفاظ لکھیں۔ جب آپ لفظ پڑھ رہی ہوں تو اس کے تلفظ پہ زور دیں اور بچوں کو بتائیں کہ اس میں 'ن' کی ہلکی سی آواز آتی ہے۔ جیسے یہاں، وہاں، اماں، ہیں، دایاں، جالیاں بچوں سے الفاظ کی بلند خوانی کروایئے۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ں' کے الفاظ کے فلیش کارڈز اور حروف کے فلیش کارڈز دیں۔ بچوں سے کہیے ایک لفظ لیں اُس کو پڑھیں اور حروف فلیش کارڈز میں اُس نقطے کے حروف ڈھونڈ کر اس لفظ کے آگے رکھیں۔ یہ سرگرمی مختلف 'ں' کے الفاظ کے ساتھ سب بچوں سے کروائیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 91 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کہیے کہ خالی جگہ میں 'ں' لکھیے اور الفاظ کو پڑھیے اور لکھیے کام کے دوران بچوں کی نگرانی کریں اور رہنمائی کریں۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ نمبر 91 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید سیاہ پر 'ں' کے الفاظ لکھیں اور بچوں کو اُن الفاظ سے جملے بنانے کو کہیں۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی | موضوع: | الفاظ کو مصوتوں سے ملایئے | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ مصوتوں کا اعادہ کر سکیں ۔ اور الفاظ کو مصوتوں (ا،و،ی،ے) نئے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سفید سیاہ پر الفاظ لکھ کر بچوں سے اُس کے توڑ کروائے جائیں گے۔ | 3 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتوں کا اعادہ کرنے پر اور الفاظ کو مصوتوں سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم الفاظ کو مصوتوں سے ملا کر نئے الفاظ بنائیں گے۔ بچوں سے مصوتوں کی دہرائی کروائی جائے گی۔ اُن کو بتایا جائے گا کہ 4 مصوتے ہوتے ہیں ا،و،ی،ے اُن کو تختہ سفید سیاہ میں بڑا بڑا لکھا جائے گا۔ بچوں کو بتائیں کہ پہلے ہم نے حروف کو مصوتوں سے ملائیں گے۔ تختہ سفید سیاہ پر الفاظ کو مصوتوں سے ملائیں اور بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔<br>ا و ی ے<br>رہ رہا رہو رہی رہے | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو جوڑوں میں تقسیم کریں تختہ سفید سیاہ پر مصوتے اور الفاظ لکھیں۔ بچوں کو لکھے گئے الفاظ اور مصوتے پڑھنے کو کہیں۔ اب بچوں کے جوڑوں سے مصوتوں اور الفاظ کو جوڑ کر نئے الفاظ بنانے کو کہیں۔ اور ان نئے الفاظ سے ایک ایک جملہ بنائیں بچوں کو تاب صفحہ نمبر 34 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہیے کہ الفاظ کو مصوتوں سے ملا کر پڑھیے اور پھر انہیں نیچے دی گئی لائنوں میں لکھیے ۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 34 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید سیاہ پر الفاظ لکھیں اور بچوں سے کہیے کہ اس میں مصوتوں کے گرد دائرہ لگایئے ۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 35 کریں۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 35 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی | موضوع: | جملہ سازی | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ جملوں کو روانی سے پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:** تختہ سفید سیاہ پر مختلف الفاظ اور مصوتے لکھے جائیں گے اور بچوں کو کہا جائے گا کہ الفاظ کو مصوتوں سے ملا کر نئے الفاظ بنائیں۔ | 3 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتوں کا اعادہ کرنے پر اور الفاظ کو مصوتوں سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم جملوں کو روانی سے پڑھنا اور لکھنا سیکھیں گے۔ تختہ سفید سیاہ پر کچھ ایسے الفاظ لکھیں۔ جن کو اکٹھا کر کے ایک جملہ بن جائے جیسے<br>پانی کو بابا دو صاف باغ ہے بہ<br>بچوں کو کہیے کہ ان الفاظ کو پڑھیں اور جملے میں ترتیب دیں۔ بچوں کو کہیے کہ جملے کو تختہ سفید سیاہ پر لکھیے اور پھر پڑھیے تمام بچوں کو لکھے ہوئے جملے کی بلند خوانی کرنے کو کہیے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 4 گروپوں میں تقسیم کریں ہر گروپ کو الفاظ کے فلیش کارڈ کی ایک ٹوکری دیں۔ تختہ سفید سیاہ پر چار جملے لکھیں اور ہر گروپ کو ایک ایک جملہ دیں اُن بچوں کو کہیے کہ ٹوکری میں سے اس جملے کے الفاظ تلاش کریں اور اُن کو جملے میں ترتیب دیں جب بچے جملہ ترتیب دے لیں تو اُن کو جملہ بلند آواز سے پڑھنے کو کہیے۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 97 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ کتاب میں ماریہ کا گھر دکھایا گیا ہے جس میں مختلف کمرے ہیں بچوں کو کہا جائے گا کہ جملوں کو روانی سے پڑھیے پھر خوشخط لکھیے اور پھر کمروں میں رنگ بھریے۔ | 20 منٹ | الفاظ فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 97 | |
| | **اختتامیہ:** تختہ سفید سیاہ پر مختلف الفاظ لکھیے اور بچوں کو کہیے ان کو جملوں میں استعمال کریں۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 98 کیجیے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 98 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی | موضوع: | تفہیم | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سفید سیاہ پر بے ترتیب جملے لکھے جائیں گے بچوں سے کہا جائے گا ان جملوں کو ترتیب دے کر لکھیں۔ | 3منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتوں کا اعادہ کرنے پر اور الفاظ کو مصوتوں سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں سے کہیے کہ آج میں آپ کو ایک کہانی سناؤں گی آپ نے اس کہانی کو غور سے سننا ہے اور یاد رکھنا ہے۔ میں آپ سے اس کے بارے میں سوالات کروں گی۔<br>کہانی: آمنہ اپنے امی ابو کے ساتھ گاؤں میں رہتی تھی اُس کے دو بھائی تھے۔ وہ تینوں سکول جاتے تھے اور دل لگا کر پڑھتے تھے اُن کے گھر کے پاس ایک آم کا درخت تھا اُس پر بڑے بڑے آم لگتے تھے۔ جب معلّمہ کہانی سنائیں تو ہر سطر کو دو دفعہ بولے اور بچوں کی توجہ حاصل کرنے کے لیے کہانی کے دوران بھی سوال کرے۔ آخر میں بچوں سے پھر سوالات کریں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>آمنہ کہاں رہتی تھی؟ آمنہ کس کے ساتھ رہتی تھی؟ آمنہ کے کتنے بھائی تھے؟<br>آمنہ کے گھر کے پاس کس چیز کا درخت تھا۔<br>بچوں کو کہانی کے جملوں کے فلیش کارڈ دیئے جائیں گے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ جملوں کو پڑھیں اور اُن کو کہانی یاد کر کے کہانی کے مطابق ترتیب دیں بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 76 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو ایک ایک کر کے کہانی پڑھنے کو کہیں۔ ہر بچے سے کہانی کا ایک ایک جملہ پڑھوائیں تا کہ سب بچے کہانی پڑھ سکیں۔ معلّمہ کہانی کے سوالات تختہ سفید سیاہ کہانی کے سوال لکھیں گی اور کسی ایک بچے کو سوالات پڑھنے کو کہا جائے گا پھر بچوں کو اُن سے جوابات ڈھونڈنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کے جواب کے بعد معلّمہ تختہ سفید سیاہ پر جوابات لکھے گی۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ نمبر 76 | |
| | **اختتامیہ:** تختہ سفید سیاہ پر جملے لکھ کر بچوں کو اُن کو پڑھنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 51 کریں۔ | 5منٹ | کتاب صفحہ نمبر 51 | |